طبی نفسیاتی خدمات

社會福利署
Social Welfare Department

Urdu version

طبی نفسیاتی خدمات تک رسائی کے طریقے

ہماری طبی نفسیاتی خدمت مفت ہے؛ لیکن سوشل ورکر کی جانب سے حوالہ ضروری ہے۔ جو لوگ پہلے ہی دیگر ایس ڈبلیو ڈی یونٹوں (جیسے انٹگریٹڈ فیملی سروس ینٹرز Integrated Family Service Centre ، پروبیشن اینڈ کمیونٹی سروس آرڈر آفس Probation and Community Service Orders Offices ، فیملی اینڈ چائلڈ پروٹیکٹو سروسز یونٹ (Family and Child Protective Services Units) سے خدمات حاصل کررہے ہیں، وہ معلومات کے لئے براہ کرم ذمہ دار سوشل ورکر سے رابطہ کریں۔

عام لوگ اپنے رہائشی ضلع میں انٹگریٹڈ فیملی سروس سینٹر سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔
سوشل ورکر کی تشخیص کے بعد، ضرورت پڑنے پر ضلع کے کلینیکل سائیکالوجی یونٹ
کو حوالہ Clinical Psychology Unit دیا جاسکتا ہے۔
(ایس ڈبلو ڈی ہاٹ لائن: 2343 2255)

رازداری ← ہم ہانگ کانگ کے ذاتی ڈیٹا (رازداری) کے آرڈیننس("PDPO") (کیپ۔ 486) میں مذکور ڈیٹا تحفظ کے اصولوں کے پابند ہیں۔

ضلع وار کلینیکل سائیکالوجی یونٹس کی فہرست

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 1
کمرہ 502، پانچویں منزل، نان فَنگ کمرشیل سینٹر، 19 لام لوک اسٹریٹ، کولون بے، کولون
(:ٹیلیفون 7668 2707)

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 2
4/F، تائی پو کامپلیکس، 8 ہیونگ زے ووئی اسٹریٹ، تائی پو مارکیٹ، نیو ٹیریٹریز
(:ٹیلیفون 9402 3183)

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 3
کمرہ 501، 5/F، 14 تائیکو وان روڈ، تائیکو شینگ، ہانگ کانگ
(:ٹیلیفون 4110 2967)

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 4
دسویں منزل، شین وان ملٹی اسٹوری کار پارک بلڈنگ، 208-174 کیسل پیک روڈ، شین وان، نیو ٹیریٹریز
(:ٹیلیفون 7021 2940)

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 5
ونگ B اور C، گراونڈ فلور، شوئی یپ ہاوس، تین شوئی (2) اسٹیٹ، تن شوئی وائی، نیو ٹیریٹریز
(:ٹیلیفون 7914 3568)

کلینیکل سائیکالوجی یونٹ 6
کمرہ 108، 1/F، نگو کاک گو نمٹ آفسز، 30 لوئین ن سٹریٹ، مونگ کاک، کولون
(:ٹیلیفون 2399 2399)

ایس ڈبلو ڈی کی ویب سائٹ
http://www.swd.gov.hk

社會福利署
Social Welfare Department

اگر اس پمفلٹ کے انگریزی اور اردو ورژن کے درمیان کوئی فرق ہو تو، انگریزی ورژن کو اولیت حاصل ہوگی۔

خدمات کے مقاصد اور اہدافی گروپس

زندگی میں، چیلنجوں اور ناکامیوں کا سامنا ہونا ناگزیر ہے، جیسے کام کا تناؤ، باہمی شخصی تنازعات، پرورش کے مسائل، کسی عزیز کو کھودینا اور دوسرے غیر متوقع حادثات۔ ان چیزوں سے ہمیں افسردگی، فکرمندی، غمگینی یا لاچاری کا احساس ہوسکتا ہے؛ جس سے ہماری مقابلہ کرنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ (ایس ڈبلیو ڈی) (Social Welfare Department -SWD)کی نفسیاتی طبی خدمات کی شاخ (سی پی ایس بی) (Clinical Psychology Unit-CPU) ضرورت مندوں کو نفسیاتی امراض کی تشخیص اور علاج مہیا کرتی ہے، جس سے پریشانی میں مبتلا افراد کو اپنی مشکلات پر قابو پانے میں مدد ملتی ہے۔ سی پی ایس بی لوگوں میں ذہنی صحت کے تئیں بیداری اور شعور کو بڑھانے کے لئے عوامی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت بھی فراہم کرتا ہے۔

خدمت کا دائرہ کار

پیشہ وارانہ تربیت

ہم دیگر پیشہ ور افراد کو ذہنی صحت اور نفسیاتی مداخلتوں سے متعلق تربیت فراہم کرتے ہیں۔ ہم ہانگ کانگ یونیورسٹی اور چائنیز یونیورسٹی آف ہانگ کانگ میں نفسیاتی طب کی تعلیم حاصل کرنے والے پوسٹ گریجویٹ طلباء کو بھی نگرانی فراہم کرتے ہیں۔

ذہنی صحت پر عوامی تعلیم

طبی ماہرین نفسیات مختلف میڈیا چینلز، جیسے آن لائن تعلیمی ویڈیو کلپس، عوامی گفتگو، کتابیں اور کتابچے، ریڈیو اور ٹی وی پروگراموں، اخبار اور میڈیا انٹرویوز کے ذریعہ ذہنی صحت سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔



خطرناک حادثات میں بچ جانے والے افراد کے لئے بحرانی مداخلت اور ابتدائی شناخت

جب معاشرے میں کوئی بحران واقع ہوتا ہے، یا جب ہانگ کانگ کے لوگ بیرون ملک میں کسی بڑے حادثے کا شکار ہو جاتے ہیں تو، ہم ضرورت مند افراد کو ابتدائی نفسیاتی مداخلت فراہم کرتے ہیں۔



بحالی صحت کی خدمت

سینٹرل سائیکالوجیکل سپورٹ (Central Psychological Support Service) سروس بحالی صحت کی خدمت سے متعلق ، یونٹوں کو مشاورت کی خدمات فراہم کرتی ہے؛ نشوونما سے متعلق عوارض والے پری اسکول بچوں اور بالغوں کے خاندانوں کی اعانت کرتی ہے

کیس ورک سے متعلق خدمت

ہم نفسیاتی امراض کی تشخیص (بشمول عقلی تشخیص، عدالتی تشخیص اور / یا نفسیاتی کارکردگی کی تشخیص) اور سماجی نشوونما، شخصیت، جذبات، رویہ اور بچوں اور بڑوں سے رشتے سے متعلق علاج فراہم کرتے ہیں۔